© rasailojaraid.com



طنز و مزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

☆ ۳۹ ارب کا مقروض واپڈا ۵۱ کروڑ کی نئی گاڑیاں خریدے گا۔ (ایک خبر)

اناں شوقین تے گارے وچ لتاں

☆ وزیر اعظم کا خادم رہوں گا۔ اپوزیشن کے پیٹ میں درد کیوں؟ (وزیر اعلیٰ نکئی)

بھلے ان کی جوتیاں اٹھاؤ خادم صاحب! سانوں کی......

☆ ہمیں پاکستان میں آرام و آسائش تو مل گئے لیکن عزتِ نفس نہیں ملی (اشفاق احمد)

اوقات میں رہیں..... اسی پر گزارہ کریں!

☆ میں ساری رات اللہ کے دربار میں روتا ہوں (مشتاق اعوان)

شکل سے ہی ظاہر ہے۔

☆ نواز شریف اور ان کے ساتھی طوطے ہیں (بے نظیر)

آپ کبھی کہہ کر دیکھ لیں! "میاں مٹھو! چوری کھانی اے"

☆ پاکستان ہر قسم کی جارحیت کا بھرپور جواب دینے کی صلاحیت رکھتا ہے (نصر اللہ خاں)

کشمیر تو آزاد کرالو بابا!

☆ حکومت کے خلاف تحریک کا ساتھ دیں گے (قاضی حسین احمد)

تمہیں نے درد دیا ہے تمہیں دوا دو گے۔

☆ سردار آصف مسئلہ کشمیر پر بھارتی وزیر خارجہ سے مناظرہ کریں گے (ایک خبر)

"بھارتی ایجنٹ" بھارتی نمائندے سے مناظرہ کرے گا۔

☆ نواز شریف، مولانا فضل الرحمن کو وزیر اعظم نامزد کردیں تو حکومت ختم کرنا ہمارا کام ہے۔ (مولانا حیدری)

کی گل اے بادشاہو!

☆ بے نظیر سے ہمیں کسی قسم کی کوئی تکلیف نہیں (مولانا فضل الرحمن)

سچ فرمایا مولانا نے ریچ اس مسئلہ کے۔

☆ شاہ محمود قریشی بغیر سوچے سمجھے بونگیاں مارتے رہتے ہیں (حاجی بوٹا ایم این اے)

آپ سوچ سمجھ کر بونگیاں مارا کریں۔

☆ عورت کے دور میں عورت کی تذلیل ہو رہی ہے۔ (راحیلہ سلہری)

عزیز میاں کی قوالی سنا کریں

"آدمی ہے بے نظیر"

© rasailojaraid.com